تعارف کتب

☆ محدث' فتنۂ انکارحدیث نمبر' مدیراعلیٰ: حافظ عبدالرحمٰن مدنی۔ ناشر: مجلس التحقیق الاسلامی' ۹۹ جے' ماڈل ٹاؤن' لاہور۔ صفحات: ۲۸۰۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [پرویزیت اور فتنۂ انکار حدیث پر نامور علما و مصنفین کے گراں قدر مضامین کے علاوہ' اس خصوصی نمبر کی اہم چیز' انکارِ حدیث کی تردید اور حجیت حدیث کے موضوع پر ایک وضاحتی کتابیات (از ڈاکٹر خالدظفراللہ رندھاوا) اور دوسرا ۳۶ دینی رسائل میں ۶۵۳ شائع شدہ مضامین کا' نہایت محنت سے مرتبہ اشاریہ ہے۔ دونوں حوالے کی اہم چیز ہیں اور تحقیق کاروں کے لیے مفید معاون۔]

☆ بچوں کی تربیت کیسے کریں؟ سراج الدین ندوی' ترجمہ: محمد طاہر نقاش۔ ناشر: دارالابلاغ پبلشرز (فون: ۷۱۲۰۲۰۷) لاہور۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۱۱۰ روپے۔ [قرآن و حدیث' طب و حکمت اور جدید سائنس کی روشنی میں' اپنے موضوع پر ایک عمدہ کتاب' جس میں ہر پہلو سے سادہ اور رواں اسلوب میں مفید معلومات اور ہدایات یکجا کی گئی ہیں۔ اشاعتی معیار بہت عمدہ ہے۔]

☆ ختم نبوتؐ کے محافظ' محمد طاہر رزاق۔ ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوتؐ' حضوری باغ روڈ' ملتان۔ ملنے کا پتا: مکتبہ علم و عرفان' ۳۴- اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۲۰۱۔ قیمت: ۹۰ روپے۔ [تحریک ختم نبوتؐ سے متعلق متفرق لوازمہ' یعنی واقعات' خبریں' تقاریر' تبصرے' یادیں' یادداشتیں' باتیں' کرامات اور کچھ محیرالعقول واقعات۔]

☆ پیامِ محبت' محمد موسیٰ بھٹو' مرتبین: آزاد سمیجو' اشفاق احمد بھٹو۔ ناشر: سندھ نیشنل اکیڈمی ٹرسٹ ۴۰۰-بی' یونٹ نمبر۴' لطیف آباد' حیدرآباد۔ صفحات: ۳۶۸۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [''محمد موسیٰ بھٹو کے علمی اور دعوتی خطوط کا مجموعہ''۔ جی ایم سید' شیخ ایاز سے لے کر پروفیسر اسداللہ بھٹو تک ۴۶ شخصیات کے نام خطوط میں لادین اور مذہب بیزار ترقی پسندوں اور کمیونسٹوں کے ذہنی اشکالات پر بحث۔ اسلام کی طرف دعوت میں حکمت عملی کی نشان دہی' اصلاحِ نفس کے لیے تجاویز' دردمندانہ محبت بھرا انداز۔ جوابی خطوط ساتھ ہی دینا مفید رہتا۔]

☆ آپس کی باتیں' ڈاکٹر شان الحق حقی۔ ناشر: ہمدرو فاؤنڈیشن' ہمدرد سنٹر' ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۸۸۔ قیمت: ۴۰ [سرورق: ''ذہین نونہالوں کے لیے دل چسپ مضامین'' مثلاً: سائنس کیا ہے؟ کیوں ہے؟ پہیلی بوجھنے کا طریقہ۔ شکریہ۔ شعرفہمی۔ نثر اور شعر کا فرق وغیرہ۔ نونہالوں کے ذہنوں کو جگمگانے کے لیے مفید اور معلومات افزا کتاب۔]

☆ محمد چراغ' پروفیسر محمد اسلم اعوان۔ ناشر: مکتبہ المعراج' اروپ' گوجرانوالہ۔ صفحات: ۵۶۔ قیمت: ۱۵ روپے [مولانا انورشاہ کشمیریؒ کے شاگرد خاص' مولانا محمد چراغؒ (۱۸۹۴ء-۱۹۸۹ء) بانی جامعہ عربیہ گوجرانوالہ کے حالات پر یہ مختصر سا کتابچہ بقول مصنف: ''شاید مولانا مرحوم کے تلامذہ و متوسلین واحباب کے لیے ایک تحریک بن جائے'' اور کوئی ان کی مفصل سوانح عمری لکھ ڈالے۔ ہمارا خیال ہے کہ ۱۳ سال میں کسی نے نہیں لکھی' اب کون لکھے گا؟ پروفیسر صاحب خود ہی عزم کریں۔ یہ ایک بڑی علمی خدمت ہوگی۔]

اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ (ادارہ)